Punjab Institute of Language, Art & Culture (PILAC)

پنجاب ادارہ زبان، فن وثقافت

محکمہ اطلاعات وثقافت، حکومت پنجاب

پنجابی کمپلیکس، 1-قذافی سٹیڈیم فیروزپور روڈ۔لاہور

پریس ریلیز

پنجاب ادارہ زبان، فن وثقافت (پلاک)، محکمہ اطلاعات وثقافت، پنجاب کے زیر اہتمام ''محفل مسالمہ'' کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت بابا نجمی نے کی۔خصوصی شرکت علی زریون نے کی جبکہ مہمانانِ اعزاز میں غلام حسین ساجد، ڈاکٹر جواز جعفری اور رائے محمد خان ناصر شامل تھے۔دیگر شعراء میں راجا نیّر، عرفان صادق، رخشندہ نوید، پروین سجل، فریدہ خانم، سرفراز صفی، انیس احمد، فاخرہ شجاع، شبنم مرزا، نویدہ اور ڈائریکٹر پلاک خاقان حیدر غازی شامل تھے۔شعراء نے اپنے اشعار کے ذریعے سیدالشہدا امام حسینؑ اور آپ کے رفقاء کو نذرانہ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ محرم کے ایّام منانے کا مقصد تجدید عہد ہے کہ ظلم کے آگے سیسہ پلائی دیوار بن جاؤ چاہے اُس کی جتنی بھی قیمت ادا کرنا پڑے ہمیشہ حق پر قائم رہو بیشک جتنی بھی مشکلات پیش آئیں۔خانوادہ رسول ﷺ نے اپنے خون سے حق کی جو شمع روشن کی وہ کبھی نہیں بجھے گی اور نہ ہی اُس کی روشنی کم ہو گی۔حسینیت اور یزیدیت دو کردار ہیں جو ہمیشہ مدّ مقابل رہیں گے۔اِس کا اختیار ہمارے ہاتھ میں ہے کہ ہم کِس کردار کے ساتھ ہیں۔ہمیں ہمیشہ اپنا محاسبہ کرتے رہنا چاہیے۔

☆☆☆